DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 28-05-2023

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
| --- | --- | --- |
| 01 | گندم اور آٹا کی ذخیرہ اندوزی سے عوام کو مشکلات میں اضافہ ہوا، گورنر عبدالوالی کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ بلوچستان کی سی پی این ای کے منتخب عہدیداروں کو مبارکباد | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | قبائلی تنازعات کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے، ضیاء لانگو | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | حلقہ انتخاب کی ترقی وخوشحالی اولین ترجیحات میں شامل ہے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | حکومتی اقدامات سے بلوچستان گندم میں خودکفیل ہوگیا، محمد خان لہڑی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | اسلام آباد کے ایوانوں میں بلوچستان کا مقدمہ لڑتے رہیں گے، آغا حسن | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | حلقہ انتخاب کی ترقی وخوشحالی پر سمجھوتہ نہیں، مبین خان خلجی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | کھیلوں کے پرامن انعقاد کیلئے اقدامات کئے گئے، ڈی آئی جی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | صدر مملکت دو روزہ دورے پر 30 مئی کو کوئٹہ پہنچیں گے، | سینچری ودیگر اخبارات |
| 10 | 9 مئی کا واقعہ سیاہ ترین دن کوئٹہ میں پاک فوج کی حمایت میں ریلی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان حکومت کا آئندہ سال کم دورانیے کے منصوبوں پر کام کا فیصلہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | وفاقی محتسب 30 مئی کو کوئٹہ پہنچیں گے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | کوئٹہ ائیرپورٹ پر بڑے کارگو اور بوئنگ 777 جہاز اتر سکیں گے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں جلد 25 ہزار افراد کو روزگار دینگے، میجر جنرل شہاب اسلم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | یوم تکریم کی مناسبت سے تقاریب ریلیاں نکالی گئیں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور پائیدار تکمیل جلد ممکن بنائی جائے، اختر مینگل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | صحافیوں پر حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، اے این پی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

اندھی گولی لگنے سے لڑکی جاں بحق، تربت فائرنگ سے ایک شخص جان بحق، مکران کے ساحل پر 4020 کلوگرام منشیات ضبط، انسداد منشیات فورس کی مختلف علاقوں میں بڑی کارروائیاں، وندر چھوٹے بھائی نے کلہاڑی کے وار سے بڑے بھائی کو قتل کردیا، بلوچستان وسندھ پولیس کا مشترکہ آپریشن مٹھو شاہ گینگ کے دو ڈاکو ہلاک، ڈھاڈر نیشنل ہائی وے پر ڈاکو ویگن کے مسافروں کو لوٹ کر فرار،

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 28-05-2023

## عوامی مسائل

ٹریفک انجینئر نگ بیورو نہ بن سکا بدترین ٹریفک جام معمول بن گیا، بلوچستان کی خون آلودہ شاہراہوں پر توجہ دی جائے، پرچون گڈز، سبی ٹرانسپورٹرز کرایوں میں کمی نہ لائے عوام ریلیف سے محروم انتظامہ غافل

## اداریہ:

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے " **بلوچستان کیلئے عالمی بینک کی امداد** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ عالمی بینک نے پاکستان کیلئے 21 کروڑ 30 لاکھ ڈالر فنانسنگ کی منظوری دے دی، عالمی بینک کے مطابق رقم بلوچستان کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں روزگار، ضروری خدمات فراہمی پر خرچ ہوگی ،صوبے کی آبادی کو قدرتی آفات کے خلاف تحفظ فراہم کیا جائے گا، 35 ہزار ایک سو گھروں کی تعمیر کے لئے گرانٹ دی جائے گی مجموعی طور پر 27 لاکھ افراد کی زندگی میں بہتری آنے کی توقع ہے، امید ہے کہ حکومت اور بیوروکریسی بے کار کے کاموں میں پیسہ ضائع کرنے کے بجائے اس بار اس خطیر رقم کو اصل مقاصد کیلئے خرچ کر کے واقعی عوام کی زندگیوں میں بہتری پیدا کریں گے، بلوچستان میں وسائل اور رقم کی اتنی بھی تنگی نہیں رہی کہ عوام کو سہولیات کی فراہم کیلئے کچھ نہ کیا جا سکے لیکن بقول گورنر بلوچستان کے یہاں لوگ پیسہ کھا جاتے ہیں جماعت اسلامی کے سربراہ سراج الحق نے ان پر ہونے والے خودکش حملے کے بعد جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ پوری دنیا سے ان کی خیریت کے حوالے سے کال موصول نہیں ہوئی انہوں نے برملا الزام لگایا کہ انہیں بتایا گیا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان دن بر نشے کی حالت میں پڑے رہتے ہیں اور رات کو کسی پہر اٹھ کر فائلوں پر دستخط کر دیتے ہیں یہ بہت بڑا الزام ہے لیکن وزیر اعلیٰ ہاؤس یا ان کی اپنی جانب سے اس بیان کی تردید بھی نہیں آئی،

## اداریے:

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Dismal condition of Quetta" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**صوبہ سب سے بڑا مگر تعلیمی بورڈ ایک** " کے عنوان سے عرفان بیگ کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ "**اوستہ محمد ضلع کا قیام اورمیر جان محمد جمالی کی کاوشیں** " عنوان سے اختر منگی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

## گندم و آٹا کی ذخیرہ اندوزی سے عوام کی مشکلات میں اضافہ ہوا، گورنر کاکڑ

غذائیت سے بھرپور خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانا ایک بڑا چیلنج، ہمارا تعاون آپ کے ساتھ رہیگا، وفد سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ موجودہ مہنگائی بالخصوص گندم اور آٹا کی ذخیرہ اندوزی اور سمگلنگ کی وجہ سے غریب عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوا ہے، اس سلسلے میں آل پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے چاروں صوبوں کے چیئرمین اور عہدیداران عام آدمی کی زندگی میں آسانی لانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، انہوں نے یقین دلایا کہ پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے مالکان کے مسائل حل اور خاص کر بین الصوبائی سطح پر آزادانہ نقل و حمل کی اجازت کو یقینی بنانے کیلئے وفاقی اور صوبائی سطح پر ہمارا بھرپور تعاون آپ کے ساتھ رہیگا، یہ بات انہوں نے ہفتہ کو مرکزی چیئرمین عاصم رضا احمد کی قیادت میں آل پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے چاروں صوبوں کے چیئرمین اور عہدیداران سے بات چیت میں کی، ملاقات کے دوران پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے پنجاب کے چیئرمین افتخار مٹو، سندھ کے چیئرمین انصر عبداللہ، خیبر پشتونخوا کے چیئرمین محمد نعیم بٹ اور بلوچستان کے چیئرمین بدرالدین کاکڑ سمیت دیگر چاروں صوبوں کے عہدیداران موجود تھے۔ گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ سردست غذائی تحفظ کے مسئلے پر قابو پانا اور عوام کو معیاری اور غذائیت سے بھرپور خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانا ایک بڑا چیلنج ہے، اس میں ملکی سطح پر پالیسی سازی اور غذائیت سے بھرپور خوراک کی فراہمی کو باہم مربوط کرنا ہوتا ہے، گورنر بلوچستان نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ جب ملک اور صوبے کے تجارت اور صنعت سے وابستہ افراد کو تمام ضروری سہولیات اور مواقع فراہم نہیں کریں گے اُس وقت ہم اپنے ملکی معاشی نظام کو مضبوط اور مستحکم نہیں بنا سکتے۔

---

**Balochistan Time Quetta**

# Problems of poor increased manifold: Governor

**Staff Report**

**QUETTA:** Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar has said that the problems of the poor people have increased due to the current inflation, especially the hoarding and smuggling of wheat and flour. In this regard, the chairman and officials of the four provinces of All Pakistan Flour Mills Association can play an important role in bringing ease in the life of the common man.

He assured that our full cooperation at the federal and provincial levels will be with you to solve the problems of the owners of Pakistan Flour Mills Association and to ensure the permission of free transport especially at the inter-provincial level.

He said this on Saturday while talking to the chairmen and office bearers of the four provinces of All Pakistan Flour Mills Association under the leadership of Central Chairman Asim Raza Ahmed. During the meeting, Punjab Province Chairman of Pakistan Flour Mills Association Iftikhar Mattoo, Sindh Province Chairman Anser Abdullah, Khyber Pashtun Khwa Province Chairman Muhammad Naeem Butt and Balochistan Province Chairman Badruddin Kakar were also present.

Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar said that overcoming the major food security problem and ensuring the supply of quality and nutritious food to the people is a big challenge. It has to coordinate policy making and provision of nutritious food at the country level.

Governor Balochistan bluntly said that we cannot make our country's economic system strong and stable when all the necessary facilities and opportunities are not provided to the people associated with trade and industry of the country and the province.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 28 MAY 2023

Page No: 2


## وزیراعلیٰ نے بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کیلئے ارکان کی تعیناتی کی منظوری دیدی

**مقصد نجی اور پبلک ہیلتھ کیئر سروسز کی فراہمی کے شعبوں کو ریگولیٹ کرنا ہے، کمیشن 9 ارکان پر مشتمل ہے**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کے لیے ارکان کی تعیناتی کی منظوری دے دی، وزیراعلیٰ نے یہ منظوری محکمہ صحت کی جانب سے ارسال کی جانے والی ایک سمری پر دی واضح رہے کہ صوبائی اسمبلی نے 18 نومبر 2019 کو ''بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن ایکٹ، 2019'' منظور کیا تاکہ ''شعبہ صحت کی دیکھ بھال کی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے، کلینیکل گورننس اور طب کے شعبے سے منسلک عطائیوں پر پابندی لگانے اور اسٹیبلشمنٹ کی فراہمی کے لیے انتظامات کیے جا سکیں، بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کے قیام کا مقصد نجی اور پبلک ہیلتھ کیئر سروسز کی فراہمی کے شعبوں کو ریگولیٹ کرنا ہے، ایکٹ کی دفعات کے تحت، کمیشن معیار کی جانچ کو یقینی بنانے کے لیے کوڈ آف سول پروسیجر 1908 کے تحت سول عدالت میں دی گئی طاقت کا استعمال کر سکتا ہے، ایکٹ کے سیکشن۔ 5 کے مطابق، کمیشن نو (09) اراکین پر مشتمل ہے۔ ان اراکین میں سے سات (07) کو سرچ کمیٹی کی سفارشات پر (ہر عہدے کے لیے دو کا پینل) نامزد کیا جاتا ہے باقی دو (02) اراکین میں سے ایک (01) ہائی کورٹ کا ریٹائرڈ جج اور دوسرا مالیاتی ماہر ہوگا سیکشن 5(3)'' : کے تحت کوئی شخص اس وقت تک رکن کے طور پر نامزد ہونے کا اہل نہیں ہوگا جب تک کہ اس کے پاس کم از کم بیس سال کا تجربہ نہ ہو۔ کل ارکان میں سے کم از کم تین صحت کے شعبے سے ہوں گے اور ایک رکن وفاقی /صوبائی انتظامی خدمات کا ہوگا جو ترجیحی طور پر صحت کے شعبے سے ہوگا جو 20 گریڈ سے نیچے کی سطح کا آفیسر نہیں ہوگا۔


MASHRIQ QUETTA


## بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کیلئے اراکین کی تعیناتی کی منظوری

**کمیشن کے قیام کا مقصد نجی اور پبلک ہیلتھ کیئر سروسز کے شعبوں کو ریگولیٹ کرنا ہے**

**وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی منظوری کے بعد عمل درآمد کا آغاز کر دیا گیا**

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کے لیے اراکین کی تعینا........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 9 پر

تی کی منظوری دے دی وزیراعلیٰ نے یہ منظوری محکمہ صحت کی جانب سے ارسال کی جانے والی ایک سمری پر دی واضح رہے کہ صوبائی اسمبلی نے 18 نومبر 2019 کو ''بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن ایکٹ، "2019" منظور کیا تاکہ "شعبہ صحت کی دیکھ بھال کی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے، کلینیکل گورننس اور طب کے شعبے سے منسلک عطائیوں پر پابندی لگانے اور اسٹیبلشمنٹ کی فراہمی کے لیے انتظامات کیے جاسکیں

## وزیراعلیٰ بلوچستان کی سی پی این ای کے منتخب عہدیداروں کو مبارکباد

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سی پی این ای کے سالانہ انتخابات میں........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 9 پر

کامیاب ہونے والے امیدواروں کو مبارکباد پیش کی ہے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے منتخب صدر ارشاد عارف سیکریٹری جنرل اعجاز الحق ڈپٹی سیکریٹری جنرل عابد حسین فنانس سیکریٹری غلام نبی چانڈیو سینئر نائب صدر انور ساجدی نائب صدر عارف بلوچ اور جوائنٹ سیکریٹری منیر بلوچ کی انکے عہدوں پر کامیابی پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سی پی این ای اخباری صنعت کی ترقی اور اس اہم صنعت کو درپیش مسائل کے حل کے لئے اہم فورم ہے جس نے ہمیشہ اپنے مقصد کے حصول کے لئے بھرپور جدوجہد کی ہے ہم سی پی این ای کی اس جدوجہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 28 MAY 2023 Page No: 4


## نہری نظام کی بہتری کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں، محمد خان لہڑی

### مستقبل میں پٹ فیڈر کینال بیرون سائیڈ پر پروٹیکشن بند تعمیر کیا جائے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر آبپاشی حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ نہری نظام کی بہتری کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں مستقبل میں پٹ فیڈر کینال بیرون سائیڈ پر پروٹیکشن بند تعمیر کیا جائے گا تاکہ سیلابی صورتحال کے وقت پٹ فیڈر کینال کو کوئی بھی خطرہ نہ رہے اور عوام کو بھی سیلاب کی صورتحال سے نبرد آزما ہونا پڑے میڈیکل کالج اور بی آر سی کالج کا سنگ بنیاد رکھا جائے گا سیلاب کے دوران پٹ فیڈر کینال کو پہنچنے والے نقصان کا فوری طور پر........

بقیہ نمبر 50 صفحہ 9 پر

اقدامات کیے گئے جس کا واضح ثبوت حالیہ ربیع سیزن میں ریکارڈ گندم کی پیداوار حاصل ہوئی ہے نصیرآباد ڈویژن میں وافر مقدار میں گندم کی پیداوار ہوئی ہے اس پیداوار کی بدولت بلوچستان گندم کی پیداوار میں خود کفیل ہو چکا ہے تنقید کرنے والے اپنے ماضی کو یاد کریں ہم جھوٹی اور من گھڑت سیاسی جدوجہد پر یقین نہیں رکھتے عوام سے کیے گئے

## حلقہ انتخاب کی ترقی وخوشحالی پر سمجھوتہ قبول نہیں، مبین خان خلجی

### آنے والے بجٹ میں عوامی مشاورت سے اسکیمات شامل کی گئی ہیں، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر معدنیات مبین خان خلجی نے کہا ہے کہ عوامی خدمت جاری رکھنا ہماری اولین ترجیح ہے علاقے کی تعمیر و ترقی کے لئے جو کام کیا وہ مزید بھی جاری رکھیں گے عوام ہمارے طاقت کا سرچشمہ ہے اور عوام کے ووٹوں سے ہم منتخب ہو کر اسمبلی میں پہنچے ہیں آنے والے بجٹ میں علاقے سے متعلق ایسی اسکیمات شامل کریں گے جو عوا........

بقیہ نمبر 53 صفحہ 9 پر

م کی مفاد کے لئے مثبت ثابت ہوسکیں' یہ بات انہوں نے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ کل بھی عوام کا خادم تھا آنے والے وقت میں عوام کو ساتھ لے کر چلوں گا علاقے میں ترقیاتی کام ہماری اولین ترجیح ہے کیونکہ جب تک علاقے کی تعمیر و ترقی پر توجہ نہیں دیں گے علاقہ ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتا اس لئے ہماری بھرپور کوشش ہے کہ موجودہ بجٹ جو اس وقت مختلف ترقیاتی حوالوں سے خرچ ہورہی ہے ان ترقیاتی منصوبوں کو مکمل اور آنے والے بجٹ میں مزید ایسے اسکیمات شامل کریں جو مثبت اور عوام کے مفاد کیلئے ثابت ہوسکیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 28 MAY 2023

Page No: 6

توسیع کا کام مکمل

# کوئٹہ ایئرپورٹ پر بڑے کارگو اور بوئنگ 777 جہاز اتر سکیں گے

ٹرمینل کا رقبہ 73 ہزار سے بڑھا کر 2 لاکھ مربع فٹ کر دیا چیک ان کاؤنٹرز، امیگریشن کاؤنٹرز، ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کاؤنٹرز پر بیگیج بیلٹ، انٹرنیشنل لاؤنج اور ڈومیسٹک ڈیپارچر میں نشستوں کا اضافہ

عنقریب اسے پروازوں کے لیے کھول دیا جائے گا۔ منصوبہ مکمل ہونے پر کوئٹہ ایئرپورٹ پر مسافروں کی گنجائش ڈھائی لاکھ سے بڑھ کر سالانہ سولہ لاکھ ہو جائے گی، سول ایوی ایشن کی آگاہی

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے نئے رن وے کی تعمیر کا کام تقریباً مکمل کر لیا گیا ہے۔ اگلے ہفتے آزمائشی پرواز چلائی جائے گی حکام کے مطابق نئے رن وے پر بوئنگ 777 جیسے بڑے طیارے بھی کوئٹہ ایئرپورٹ پر اتر سکیں گے۔ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سمیت دیگر ممالک کے لیے براہ راست پروازوں میں سہولت ہوگی خیال رہے کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی توسیع کا آغاز 2016 میں ہوا جس کے پہلے مرحلے میں تین ارب روپے کی لاگت سے ٹرمینل بلڈنگ دوبارہ تعمیر کی گئی ایئرپورٹ ٹرمینل کا رقبہ 73 ہزار سے بڑھا کر 2 لاکھ مربع فٹ کر دیا گیا۔ چیک ان کاؤنٹرز، امیگریشن کاؤنٹرز، ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کاؤنٹرز پر بیگیج بیلٹ، انٹرنیشنل لاؤنج، سی آئی پی لاؤنج اور ڈومیسٹک ڈیپارچر میں نشستوں کا اضافہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ 14 ایسکیلیٹرز، 4 ایلیویٹرز اور 2 پسنجر بورڈنگ پل بھی قائم کیے گئے دوسرے اور تیسرے مرحلے میں رن وے، ٹیکسی اور ایپرن کی تعمیر نو کا کام کیا جانا تھا۔ مارچ 2020 میں وفاقی وزیر شہری ہوابازی غلام سرور خان اور وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے نئے رن وے کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس منصوبے کو تقریباً ایک سال میں مکمل کیا جانا تھا تاہم سول ایوی ایشن کے ترجمان کا کہنا ہے کہ توسیعی منصوبے کو 2020 کے وسط سے کورونا کی وبا، غیر معمولی بارشوں اور پروکیورمنٹ مسائل کا سامنا رہا جس کے باعث منصوبہ کچھ تاخیر کا شکار ہوا سول ایوی ایشن اتھارٹی کے ترجمان نے،، اردو نیوز،، کو بتایا کہ نئے رن وے کی تعمیر کا زیادہ تر کام مکمل کر لیا گیا ہے اور عنقریب اسے پروازوں کے لیے کھول دیا جائے گا۔ منصوبہ مکمل ہونے پر کوئٹہ ایئرپورٹ پر مسافروں کی گنجائش ڈھائی لاکھ سے بڑھ کر سالانہ سولہ لاکھ ہو جائے گی اور اس ایئرپورٹ کا شمار ملک کے بڑے بین الاقوامی ہوائی اڈوں میں ہونے لگے گا۔

میجر جنرل شہاب اسلم

# بلوچستان کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں جلد 25 ہزار افراد کو روزگار دینگے

تعلیم یافتہ نوجوان اپنے سماج کا آئینہ اور سوسائٹی کا عظیم اثاثہ ہوتے ہیں بہترین معاشرہ تشکیل دینے میں نوجوانوں کا کردار ہوتا ہے، 33 ڈویژن خضدار

طلبہ تعلیم کی طرف توجہ دیں ان کے مسائل پر ہم توجہ دیں گے۔ انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار کے 60 طلبہ و طالبات کیلئے اسکالر شپ پروگرام سے خطاب

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار کینٹ میں بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے طلبہ و طالبات کے لیے اسکالر شپ پروگرام کا انعقاد میجر جنرل شہاب اسلم 33 ڈویژن خضدار کے سرپرستی میں 60 طلبہ و طالبات کو اسکالر شپ سے نوازا گیا اور طلبہ و طالبات کو اپنے مسائل بیان کرنے کا موقع فراہم کرنے کا موقع دی گئی۔ بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے طلبہ و طالبات سے خطاب کرتے ہوئے میجر جنرل شہاب اسلم 33 ڈویژن خضدار نے کہا ہے کہ نوجوان ہمارے مستقبل کے معمار ہیں اور قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں تعلیم یافتہ نوجوان اپنے سماج کا آئینہ اور سوسائٹی کا عظیم اثاثہ ہوتے ہیں بہترین معاشرہ تشکیل دینے میں نوجوانوں کا کردار ہوتا ہے جبکہ معاشرے کی نشوونما، معاشرے کی بقا اس کی صلاح و فلاح، اس کا مستقبل انہیں کے دامن سے وابستہ ہوتا ہے۔ ذہنی نشوونما اور فکری ارتقا کا دارومدار نوجوانوں پر منحصر ہوتا ہے۔ طلبہ و طالبات کو حصول تعلیم کے لیے جو معاشی مشکلات ہوتے ہیں ان کو مدنظر رکھتے ہوئے ہماری کوشش ہے کہ مشکلات کو کم سے کم کیا جائے۔ اس سلسلے میں ہم بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے وائس چانسلر سے رابطے میں ہیں ہم ایک ساتھ مل کر تعلیمی سہولیات کے لیے کوشاں ہیں۔ طلبہ تعلیم کی طرف توجہ دیں ان کے مسائل پر ہم توجہ دیں گے وہ ہماری ذمہ داری ہے۔ ابتدائی مرحلے میں بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار میں 60 طلبہ و طالبات کو اسکالر شپ دے رہے ہیں جن میں 20 طالبات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین معاشرہ کی اہم اکائی ہے جس کے بغیر معاشرہ تشکیل نہیں دیا جا سکتا۔ معاشرہ کو سدھارنے میں خواتین کا بہت بڑا کردار ہوتا ہے۔ تعلیم یافتہ باشعور خواتین اپنی اولاد کی ایسی تربیت کریں کہ ان کا مستقبل ایک پرامن باوقار شہری کے طور پر نمایاں ہو۔ اس طرح ہمیں ترقی یافتہ قوموں کی صف شامل ہونے میں دیر نہیں لگے گی۔ خواتین کو بطور ماں ممتاز حیثیت حاصل ہے، ان کی بات اور تربیت کا معاشرہ پر بڑا گہرا اثر ہوتا ہے۔ خصوصاً بلوچستان میں خواتین کا فیصلہ سازی میں اہم رول ہوتا ہے۔ میجر جنرل 33 ڈویژن خضدار کا مزید کہنا تھا کہ وہ بلوچستان کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں۔ ہیلتھ، ایجوکیشن اور فورسز میں 25 ہزار ملازمتیں چار پانچ سال سے خالی تھیں ان کو پُر کرنے کے لیے ہم نے مسلسل کوشش کی وہ آسامیاں اب آ گئیں گی، اس سے نہ صرف ایجوکیشن اور ہیلتھ کا سسٹم بہتر ہوگا بلکہ 25 ہزار خاندان کے افراد کو روزگار ملنے پر تقریباً ڈھائی لاکھ لوگ مستفید ہونگے۔ اسی طرح دیگر محکموں کی جو خالی آسامیاں ہیں ان پر بھی بہت جلد کام شروع کیا جائے گا۔ جبکہ خضدار میں اسٹوڈنٹ ان بنایا جائے گا جہاں طلبہ و طالبات کو 50 فیصد ڈسکاؤنٹ دستیاب ہوگا۔ اسی طرح طلبہ و طالبات کی صحت کی بہتری اور صلاحیتوں کو ابھارنے کی خاطر ان ڈور جم کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ طلبہ و طالبات کے لیے علیحدہ، علیحدہ انتظام ہوگا۔ دریں اثناء بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کی طلبہ و طالبات کو سوالات کرنے موقع دیا گیا، طلبہ و طالبات اور اساتذہ نے سوالات کیے اور اپنے مسائل سے میجر جنرل 33 ڈویژن خضدار کو آگاہ کیا۔ انہوں نے فوری حل طلب مسائل کے لیے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار سہراب بزنجو، کمانڈنٹ ایف سی قلات اسکاؤٹ کرنل حافظ کاشف رشید و دیگر ملٹری افسران موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No. 2

DATE: 28 MAY 2023

Page No: 7


## لورالائی ٹوسنجاوی روڈ کے تعمیراتی کام کا دوبارہ آغاز

### اسسٹنٹ کمشنر لورالائی کا پروجیکٹ ڈائریکٹر ودیگر کے ہمراہ سائٹ کا دورہ

لورالائی (خ ن) صوبائی وزیر صحت وجرافت حاجی محمد خان طور اوتمانخیل کی ذاتی کاوشوں سے لورالائی توسنجاوی 15 کلومیٹر طویل روڈ جو پچھلے ایک سال سے ناگزیر وجوہات کی بناء پر التوا کا شکار تھا گزشتہ دنوں روڈ کے تعمیراتی کام کا ازسر نو آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ظہور احمد بلوچ، پروجیکٹ ڈائریکٹر لورالائی توسنجاوی روڈ، ایس ڈی او بی اینڈ آر قیوم کبزئی اور روڈ کے مین ٹھیکدار کے ساتھ ملکر روڈ کا دورہ کیا۔ پروجیکٹ کمپ سائٹ میں تمام تر ہیوی مشینری موجود پایا گیا۔ لورالائی توسنجاوی دو الگ الگ مرحلے میں مکمل کیا جائے گا جس کا بنیادی مقصد عوامی سہولیات، آرام دہ سفر اور کاروباری حضرات کے لئے بہترین نمونہ ثابت ہوگا۔ اس نسبت اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ظہور احمد بلوچ نے بات نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ منصوبوں کو جلد مکمل کیا جائے تاکہ صوبے کے عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے مستفید ہونے کے ساتھ ساتھ ترقی کے عمل کو آگے بڑھایا جائے انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں انہوں نے کہا کہ صوبے کی ترقی کیلئے موجودہ حکومت تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہیانہوں نے کہا کہ صوبے میں انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے اربوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے جن کی تکمیل سے علاقے میں ترقی اور خوشحالی آئے گی۔

## یوم تکریم کی مناسبت سے تقاریب، ریلیاں نکالی گئیں

### خضدار، دکی، ڈھاڈر، مستونگ، مچھ میں شہداء کو خراج عقیدت پیش

### بچوں نے ٹیبلو اور تقاریر کے ذریعے محبت کا اظہار کیا، ورثاء سے یکجہتی کا اظہار

اندرون بلوچستان (نمائندگان +خ ن) پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام یوم تکریم شہدا کے سلسلے میں ایک کانفرنس خضدار میں منعقد ہوئی۔ جس میں ڈسٹرکٹ چیئرمین آغا شکیل احمد خضداری ڈی آئی جی پرویز عمرانی ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد اسسٹنٹ کمشنر خضدار محمد علی درانی ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم تکریم شہداء منا کر ہم اپنے شہیدوں کو خراج تحسین پیش کررہے ہیں دکی میں پاک فوج کے حق میں سردار محمد انور ناصر کی قیادت میں ناصر آباد سے شہر تک ریلی نکالی گئی شرکاء نے پاک فوج اور شہدا پاکستان کے حق میں نعرے بازی کی انہوں نے کہا کہ توڑ پھوڑ کے واقعات میں ملوث دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کرکے نشان عبرت بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر کچھی سید سمیع اللہ آغا کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ڈھاڈر فہد شاہ راشدی کی سربراہی میں یوم تکریم شہداء کی مناسبت سے ڈپٹی کمشنر آفس کچھی میں شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں سول انتظامی آفیسران سمیت دیگر مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے کثیر تعداد میں شریک تھے آخر میں شہداء کی روح کو ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور ورثاء میں تحائف تقسیم کیے گئے، یوم تکریم شہدا پاکستان کی مناسبت سے گورنمنٹ ہائی سکول محمد شہی مستونگ میں ایک پروقار تقریب منعقد کیا گیا۔ تقریب کی مہمان خاص ڈی ڈی او عرض محمد جنگوئی تھے اس موقع پر طلباء نے شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے خاکے ٹیبلو اور شہداء کی شجاعت و بہادری اور عظمت پر انگلش اردو میں تقریریں کیں کول مائنز لیبر فیڈریشن بلوچستان کے زیر اہتمام پاک فوج سے اظہار یکجہتی اور یوم تکریم شہداء پاکستان کے حوالے سے ریلی صدر اقبال یوسفزئی کی قیادت میں پریس کلب مچھ سے ڈاکخانہ چوک تک نکالی گئی ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر مچھ عرفان خلجی نے خصوصی شرکت کی شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز اٹھا رکھے تھے۔

## بارکھان: ممبر وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم کا انٹری ٹیسٹ انتظامات کا جائزہ

### شفافیت اولیت، خلاف قانون عمل ناقابل برداشت ہے، محمد جاوید ترین، ڈی سی بھی ہمراہ تھے

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان عبدالحمید ڈہری نے ممبر وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم محمد جاوید ترین کے ہمراہ محکمہ تعلیم کے مختلف کیڈر کیلئے SBK کے زیر اہتمام منعقدہ ٹسٹ دینے والے امیدواروں کیلئے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول میں قائم سنٹر کا دورہ کیا انہوں نے سیکورٹی انتظامات اور جاری ٹسٹ کا جائزہ لیا وہاں موجود پر سیکورٹی اہلکاروں کو ہدایت کی کہ سیکورٹی کا خاص خیال رکھیں اور کسی بھی غیر متعلقہ اشخاص کو سنٹر میں آنے کی اجازت نہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیسٹ انٹرویو کی شفافیت کے طریقہ کار کو برقرار رکھا جائیگا اور خلاف قانون کسی بھی قسم کی کوتاہی ناقابل برداشت ہے۔ انھوں نے بہتر انتظامات پر ایس بی کے ٹیم کے کاوشوں کو بھی سراہا اس موقع پر چیف سپروائزر SBK نے بریفنگ دی۔

## بلدیاتی نمائندے عوام کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں گے، پشتونخوامیپ

### ہرنائی میں کامیابی کارکنوں کی شب روز محنت کی مرہون منت ہے، صوبائی بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں ضلع ہرنائی کے بلدیاتی انتخابات کو چوتھے مرحلے پر ڈسٹرکٹ کونسل کے کسان، لیبر، اقلیت اور خواتین کی مخصوص نشستوں پر پارٹی کے تمام امیدواروں کو بلامقابلہ منتخب ہونے پر مبارک باد دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ بلدیاتی انتخابات کے تمام مراحل میں ضلع ہرنائی پارٹی کی مسلسل کامیابی پر پارٹی کے تمام ضلعی اور ان کے ذیلی اداروں کے کارکنوں کی شب و روز محنت کی مرہون منت ہے صوبائی پارٹی ضلع ہرنائی پارٹی کو بہترین کارکردگی پر داد تحسین پیش کرتی ہے اور بجا طور پر امید کرتی ہے کہ تمام کامیاب امیدوار عوام کی خدمت کو اپنا شعار بنائینگے اور عوام کے مسائل ان کے دہلیز پر حل کرنے کی کوشش کرینگے۔ صوبائی بیان میں عوام کا پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پر اعتماد، پارٹی کی درست سیاست اور بہترین سیاسی حکمت عملی کا مظہر ہے۔ آج ایک مرتبہ پھر ضلع ہرنائی کے عوام نے اپنی قومی پارٹی پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے، پارٹی کے منتخب ڈسٹرکٹ کونسل کے نمائندگان کا باہم متحد ہو کر مخصوص نشستوں پر اپنے تمام امیدواروں کو بلامقابلہ کامیاب کرا کر اپنے بہترین حکمت عملی کا ثبوت فراہم کیا ہے پریس ریلیز میں ضلع ہرنائی کے عوام کا پارٹی پر مکمل اعتماد کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا گیا ہے۔

Century Express Quetta

## صحافیوں پر حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، اے این پی

### سوشل ایکٹوسٹ عثمان اچکزئی پر حملہ و تشدد کرنے والوں کو گرفتار کیا جائے

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک بھر اور بلوچستان میں صحافیوں پر حملے اور پرتشدد واقعات کی مذمت کرتے ہیں صحافیوں نے ہمیشہ آئین و قانون کی بالادستی اور جمہوریت کی بقاء کیلئے کردار ادا کیا ہے سوشل میڈیا ایکٹویسٹ عثمان اچکزئی پر حملے اور تشدد کی مذمت کرتے ہیں حکومت کو چاہیے کہ وہ اس سلسلے میں ملوث عناصر کو گرفتار کرے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صحافیوں نے ہمیشہ ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کیا مگر صحافیوں نے آئین و قانون کیلئے جدوجہد کی اور عوامی مسائل کیلئے آواز بلند کی تو ان پر حملے شروع ہو گئے جس کی ہم مذمت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ صحافیوں پر گزشتہ 75 سالوں سے حملے کئے جا رہے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور پائیدار تکمیل جلد ممکن بنائی جائے، اختر مینگل

### وڈھ میں ٹی ایچ کیو ہسپتال میں مزید بلڈنگز کی تعمیر کروا رہے ہیں اور عملہ بڑھا کر ہسپتال کو مزید فعال کیا جائے گا، رکن قومی اسمبلی

### بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ مختلف اسکیموں کا تفصیلی دورہ، محکمہ صحت اور محکمہ اریگیشن کے حکام کی جانب سے آگاہی فراہم

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے ہفتے کو وڈھ میں ٹی ایچ کیو ہسپتال وڈھ اور وڈھ میں جاری مختلف اسکیموں و پروجیکٹس کا تفصیلی دورہ کر کے وڈھ ہسپتال میں منظور ہونے والے بلڈنگ سمیت دیگر لیبرز کا معائنہ کیا۔ بلڈنگ ڈیزائنر محمد علی نے سردار اختر جان مینگل کو بلڈنگ کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈی ایچ او خضدار بشیر احمد اور ایم ایس ڈاکٹر سیف الرحمن مینگل بھی موجود تھے۔ رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے گرلز ڈگری کالج اور اسپورٹس کمپلیکس کا دورہ کر کے گرلز ڈگری کالج ........ بقیہ نمبر 61 صفحہ 9 پر

کے بلڈنگ کے کام کی سست روی اور ٹھیکیدار کو جلد کام مکمل کرنے کی ہدایت بھی کی۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل کا کہنا کہ تمام پروجیکٹس کے کام صاف شفاف ہونے چاہیے ان کا کہنا تھا کہ ہسپتال میں تمام عملے اپنی ذمہ داریوں کو نبھائیں اور کسی بھی غفلت کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ہسپتال میں مزید بلڈنگز کی تعمیر کروا رہے ہیں اور عملہ بڑھا کر ہسپتال کو مزید فعال کر رہے ہیں جبکہ شعبہ حادثات کے عملے کو 24 گھنٹے فعال و حاضر رہنے کی ہدایت کی گئی، اس موقع پر سردار اختر جان مینگل نے وڈھ ہسپتال میں بننے والے بے نظیر نشوونما سینٹر کا دورہ کیا اور اسٹاف سے ملاقات کی۔ سربراہ و رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے کہا کہ شاہ نورانی، سارونہ میں بھی بے نظیر نشوونما سینٹر کیلئے بات کی جائے گی دور دراز علاقوں کے لوگ وڈھ نہیں آسکتے ہیں ان کیلئے ان کے علاقوں میں سینٹر قائم کی جائے اس موقع پر پارٹی کارکنان سمیت آفیسر، انجینئرز اور ٹھیکیداروں نے شرکت کی اور مختلف پروجیکٹس کے حوالے سردار اختر جان مینگل کو آگاہ کیا۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار اختر جان مینگل نے لاکھی بھٹ سونارو ڈیم کا دورہ کیا، دورے کے موقع پر بی این پی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کو ایگزیکٹو انجینئر اریگیشن ڈویژن خضدار سید مصطفی، نے ڈیم کے تعمیراتی کام سے متعلق بریفنگ دیا، سردار اختر جان مینگل نے افسران کو ہدایت کی کہ علاقے میں تمام ترقیاتی کام بروقت مکمل کیے جائیں اور ناقص میٹریل کے استعمال سے گریز کریں اس موقع پر سردار اختر مینگل کے سیکرٹری محمد شفیع مینگل۔ ایس ڈی ای او ولی محمد مینگل۔ محمد نعیم شاہیزئی بلوچستان نیشنل پارٹی تحصیل وڈھ کے صدر مجاہد عمرانی اور ٹھیکیدار نجیب اللہ بھی موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 5

DATE: 28 MAY 2023

Page No: 10


## بلوچستان کی خون آلودہ شاہراہوں پر توجہ دی جائے، پرچون گڈز

**ہر سال ہزاروں قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں، ابراہیم نیچاری، احمد شاہ ناصر**

**حکومت پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کا اعلان کرے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے**

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کی خستہ حال شاہراہوں کو دورویہ کرنے کے منصوبوں پر عمل درآمد کیا جائے ان خیالات کا اظہار آل بلوچستان پرچون گڈز ایسوسی ایشن کے نمائندے ابراہیم نیچاری، احمد شاہ ناصر، منظور مشوانی، فضل محمد، حضرت علی ودیگر نے مشترکہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو مسلسل نظر انداز کرنے کی پالیسی کی وجہ سے ہر سال ہزاروں قیمتی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں جن کے ورثا برسوں اپنے پیاروں کو یاد کرتے گزار لیتے ہیں مگر خونی شاہراہوں کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گی انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت آنے والے مہینے میں پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کا اعلان کرے تاکہ مہنگائی کے مارے عوام کو ریلیف مل سکے۔

---

**92 نیوز کوئٹہ**

## ٹریفک انجینئرنگ بیورو نہ بن سکا، بدترین ٹریفک جام معمول بن گیا

**88 لاکھ کی لاگت سے 5 مختلف مقامات پر نصب سگنلز بھی ناکارہ، بیریئرز لگا کر شاہراہوں کو ون وے کرنے کا تجربہ بھی ناکام**

**چالان کا سلسلہ برقرار، منصوبہ بندی کے فقدان کی وجہ سے نتیجہ صفر، سیاہ شیشوں والی گاڑیوں کیخلاف کارروائیاں بے سود**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) متعلقہ حکام کی عدم توجہی کے سبب صوبائی دارالحکومت میں ٹریفک انجینئرنگ بیورو کا قیام عمل میں نہیں لایا جاسکا، شہر میں بدترین ٹریفک جام اور رش کا مسئلہ برقرار ہے، 88 لاکھ روپے کی لاگت سے 5 مختلف مقامات پر ٹریفک سگنلز بحال کرنے کی سمری منظور ہوئی مگر سگنلز جلد ہی ٹوٹ پھوٹ کر ناکارہ ہوگئے، ٹریفک کو قابو کرنے کیلئے بیریئرز لگا کر شاہراہوں کو ون وے کرنے کا تجربہ بھی ناکام ہوگیا، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے کے پاداش میں آئے روز شہریوں کے خلاف کارروائیاں کرکے چالان کی مد میں پیسے وصول کئے جارہے ہیں مگر منصوبہ بندی کے فقدان کی وجہ سے نتیجہ اب بھی صفر ہے، شہر میں ٹریفک سگنلز کو فعال نہیں کیا جاسکا، تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں بدترین ٹریفک معمول بن گیا، شہر اب بھی ٹریفک انجینئرنگ بیورو کے قیام سے محروم ہے جس کی وجہ سے ہزاروں موٹر سائیکلوں، رکشوں اور دیگر مال گاڑیوں کے رش کو کنٹرول کرنے کا معاملہ حل نہ ہوسکا، ٹریفک جام کا مسئلہ حل کرنے کیلئے کوئٹہ شہر میں مختلف تجربات کئے گئے، ابتدا میں 5 مقامات پر ٹریفک سگنلز لگائے مگر یہ جلد ہی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوکر غیر فعال ہوگئے، اب ان سگنلز کا نام ونشان تک نہیں ہے، مختلف شاہراہوں کو بیریئرز لگا کر ون وے کردیا گیا مگر منظم منصوبہ بندی نہ ہونے کے سبب یہ تجربہ بھی جلد ہی دم توڑ گیا۔

---

**INTEKHAB QUETTA**

## سبی ٹرانسپورٹرز کرایوں میں کمی نہ لائے، عوام ریلیف سے محروم، انتظامیہ غافل

**پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود مسافر گاڑیوں کے مالکان نے کرائے کم نہیں کئے، حکومت کرایوں میں کمی کے احکامات جاری کرے**

**سبی تا کوئٹہ وین کرایہ 430 روپے، کوچ 500 روپے، بوڈی سروس سبی تا کوئٹہ 1200 سے 1500 سو روپے وصول کئے جاتے ہیں، رپورٹ**

بولان (نامہ نگار) ڈیزل کی قیمت میں 30 روپے جبکہ پیٹرول کی قیمت میں 12 روپے کی نمایاں کمی کے باوجود پبلک ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں کمی نہیں کی، حکومت کرایوں میں کمی کے احکامات جاری و اس پر عملدرآمد کروا کے عوام کو ریلیف دے، عوامی حلقوں کا مطالبہ،

بقیہ نمبر 21 صفحہ 5 پر

تفصیلات کے مطابق جب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے تو پبلک ٹرانسپورٹرز فوری طور پر کرایوں میں حکومتی احکامات سے بھی پہلے سے خود ساختہ اضافہ کرتے ہیں مگر مرکزی حکومت کی جانب سے ڈیزل اور پیٹرول کی قیمتوں میں 30 روپے اور 12 روپے کی نمایاں کمی کے باوجود ٹرانسپورٹرز نے اب تک کرایوں میں کمی نہیں کی اور پرانے ریٹ پر کرایہ وصول کررہے ہیں اور حکومتی سطح پر بھی اب تک کرایوں میں کمی کیلئے نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوا، سبی تا کوئٹہ وین کرایہ 430 روپے، بلالی سجاول کوچ 500، سبی تا ڈھاڈر 120 روپے جبکہ بوڈی سروس سبی تا کوئٹہ 1200 سے پندرہ سو وصول کررہے ہیں تین سے پانچ روپے پیٹرول و ڈیزل کی قیمت بڑھنے سے ٹرانسپورٹرز کرایوں میں 30 سے پچاس روپے کا اضافہ کرتے ہیں لیکن پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کی کمی ہونے کے باوجود کرایوں میں کمی نہ کرنے میں ہٹ دھرمی جاری ہے بولان اور سبی کے عوامی حلقوں نے دہائی دیتے ہوئے حکومت، خصوصاً ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کرایوں میں کمی کے احکامات جاری کرکے عوام کو ریلیف دیا جائے۔ ڈیزل اور پیٹرول کی قیمت میں کمی کے باوجود بولان اور سبی میں ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں کمی نہ کی

# بلوچستان کے لیے عالمی بینک کی امداد

عالمی بینک نے پاکستان کے لیے 21 کروڑ 30 لاکھ ڈالر فنانسنگ کی منظوری دے دی۔ عالمی بینک کے مطابق رقم بلوچستان کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں روزگار، ضروری خدمات فراہمی پر خرچ ہوگی، صوبے کی آبادی کو قدرتی آفات کے خلاف تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ 35 ہزار ایک سو گھروں کی تعمیر کے لیے گرانٹ دی جائے گی۔ مجموعی طور پر 27 لاکھ افراد کی زندگی میں بہتری آنے کی توقع ہے۔ امید ہے کہ حکومت اور بیوروکریسی بے کار کے کاموں میں پیسہ ضائع کرنے کے بجائے اس بار اس خطیر رقم کو اصل مقاصد کے لیے خرچ کر کے واقعی عوام کی زندگیوں میں بہتری پیدا کریں گے۔

بلوچستان میں وسائل اور رقم کی اتنی بھی تنگی نہیں رہی کہ عوام کو سہولیات کی فراہم کے لیے کچھ نہ کیا جا سکے لیکن بقول گورنر بلوچستان کے یہاں لوگ پیسہ کھا جاتے ہیں۔ جماعت اسلامی کے سربراہ سراج الحق نے ان پر ہونے والے خودکش حملے کے بعد جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ پوری دنیا سے ان کی خیریت کے حوالے سے کال موصول ہوئیں نہیں ہوئی تو وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے کوئی کال موصول نہیں ہوئی۔ انہوں نے برملا الزام لگایا کہ انہیں بتایا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان دن بھر نشے کی حالت میں پڑے رہتے ہیں اور رات کو کسی پہر اٹھ کر فائلوں پر دستخط کر دیتے ہیں۔ یہ بہت بڑا الزام ہے لیکن وزیراعلیٰ ہاؤس یا ان کی اپنی جانب سے اس بیان کی تردید بھی نہیں آئی۔ اب اگر ایسے لوگوں کو صوبہ سونپ دیا جائے گا تو پھر قارون کا خزانہ بھی صوبے کی حالت کو بہتر بنانے کے لیے کم پڑ جائے گا۔

پیسے کی نفسیات یہی ہے کہ اگر اسے مناسب طریقے سے خرچ کیا جائے تو وہ فائدہ پہنچاتا ہے اور اگر غلط طریقے سے خرچ کیا جائے تو یہی پیسہ اذیت کا باعث بن جاتا ہے۔ میرے خیال میں اس حوالے سے حکومت کو پیسے کی نفسیات سمجھنے کی ضرورت ہے، رقم کم یا زیادہ ہونا کبھی مسئلہ نہیں رہا، اس کو بڑھانا یا گھٹانا مسئلہ ہوتا ہے۔ یعنی ایک آدمی کے پاس کم سرمایہ ہوتا ہے اور وہ اس کو اچھے طریقے سے استعمال کر کے بڑھا دیتا ہے، اسی طرح دوسرا اس کو غلط طریقے سے استعمال کر کے گھٹا دیتا ہے، یہی کچھ ریاستی سطح پر بھی ہوتا ہے، بعض ریاستیں اپنے وسائل کو بھرپور انداز میں خرچ کرتی ہیں اور اپنے شہریوں کی زندگی کو بہتر بنانے میں کامیاب ہو جاتی ہیں جبکہ پاکستان جیسی ریاستیں اپنے سرمایے کو اس بے ڈھنگے انداز میں خرچ کرتی ہیں کہ ملک کے عوام کو کبھی ریلیف مہیا نہیں ہوتا۔

عوام کو بھی سایکالوجی آف منی (پیسے کی نفسیات) کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے مارکیٹ میں بے شمار کتابیں میسر ہیں، رچس مین آف دی بیبلون (بابل کا امیر ترین آدمی) مالی تربیت کے لحاظ سے ایک بہترین کتاب ہے۔ اس میں مصنف نے بتایا ہے کہ قدیم زمانے میں ایک شہر بابل (بیبلون) تھا جس میں ایک شخص کو امیر ہونے کا شوق ہوتا ہے، وہ اس شہر کے امیر ترین آدمی سے رابطہ کر کے پوچھتا ہے کہ وہ کیسے امیر بنا، اس پر وہ امیر شخص اسے بتاتا ہے کہ اپنی آمدنی کو کبھی بھی پورا خرچ مت کرو، کسی بھی صورت میں 10 فیصد رقم ہر حال میں بچا کر رکھو، اس طرح دس ماہ میں تمہارے پاس ایک ماہ کی آمدنی بچ جائے گی، دو سے تین سال کی بچت کو کسی کاروبار میں خرچ کرو، اس طرح اس کو ضرب دیتے جاؤ۔ بظاہر یہ فارمولا بہت سادہ اور معمولی نظر آتا ہے لیکن حقیقت میں اس میں بڑی جان ہے۔ کیونکہ پس انداز کرنے کی عادت اور پھر محتاط انداز میں کاروبار میں پیسہ لگانے کی صلاحیت ہی انسان کو امیر بنانے کی جانب پہلا قدم ہوتا ہے۔ آج کی دنیا میں زیادہ تر امیر لوگوں کی تعداد ان افراد پر مشتمل ہے جو پیدائشی امیر نہیں تھے، بلکہ کاروبار کر کے اور نئی نئی ایجادات کے باعث امیر ہونے والوں کی تعداد موجودہ دور میں سب سے زیادہ ہے۔ خوش قسمتی کی بات یہ ہے کہ موجودہ دور واقعی علم و ہنر کا دور ہے، جس کے باعث بہترین تعلیم اور ہنر ہے وہ اپنے حالات دن بدن بہتر کرتا جا رہا ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اور عوام مل کر اپنی حلات بہتر بنانے پر توجہ دیں۔ حکومت عالی بین سے ملنے والی اس رقم کی حفاظت کرے، اس بات کو یقینی بنائے کہ رقم جس مقصد کے لیے دی گئی ہے اسی کے لیے استعمال ہو، دوسری جانب بیوروکریسی اور دیگر افسران بھی رشوت اور کرپشن کی روک تھام کے لیے بھرپور اقدامات کریں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 DATE: 28 MAY 2023 Page No: 12


# Dismal condition of Quetta

The present situation of Quetta, the capital of Balochistan, is very dismal. It is facing acute shortage of water, sanitation and cleanliness issues. The condition of all main roads are pathetic while rulers in power and authorities in bureaucracy say everything is okay and make lofty claims that after completion of roads and other projects the condition of Quetta city would be changed and the beauty of the city would return. But unfortunately, there are many roads including Sariab, Qambrani, Road, Sabzal Road and Sirki Road where construction work was started more than three years back but the roads are not going to be completed.

The slow pace of work shows that it would take many more years to be completed. Sadly, the government and its authorities are not paying any attention towards roads projects for their timely completion therefore, traffic jams and air pollution have increased manifold in the city.

The city faces a plethora of problems, the poorly managed traffic system is another problem in Quetta city. There is not a single traffic signal in the entire city and traffic jams are a common occurrence. The existing network of roads in Quetta can't accommodate the increasing load of vehicles and there is no traffic engineering and planning department in the city. Traffic in Quetta city is a mess which will become messier in the next few years due to the apathy of those in charge. Due to a lack of planning and unchecked increases in tube wells, the water table in Quetta has fallen.

The Water and Sanitation Authority (WASA) - the body which supplies water to the city - struggles to supply water to even a small portion of the city. Unfortunately, due to gross mismanagement and unchecked urbanization and settlement of Afghan immigrants, Quetta is one of the most polluted cities of Pakistan. Heaps of garbage can be found in every nook and corner of the city.

There is a lack of a proper sanitation system in the city. Funds are allocated for cleaning the city and improvement of the sanitation system but what happens to those funds? No prizes for guessing.

It is inevitable that the Balochistan government and administration of Quetta city must take note of the dismal condition of Quetta city. All under constructed roads should be constructed timely and there should be no mismanagement of public funds at all. Politically motivated schemes should be stopped and the interest of the general public should be given priority.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6 DATE: 28 MAY 2023 Page No: 14




# 34 ویں نیشنل گیمز کا میلہ

## کھلاڑی اپنی صلاحیتوں کی دھاک بٹھانے کیلئے سرگرم

زبیر نذیر خان

34 ویں نیشنل گیمز شاندار انداز میں کوئٹہ میں جاری ہیں، 19 برس کے طویل وقفے کے بعد ملنے والی میزبانی پر صوبہ بلوچستان میں خوشی کی لہر دوڑ رہی ہے، ملک بھر میں کھیلوں کے شائقین کی توجہ ان مقابلوں پر مرکوز ہے، پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ہونے والے نیشنل گیمز کو دراصل ملک کے اولمپک مقابلوں کی حیثیت حاصل ہے، قیام پاکستان کے بعد کراچی کے پولو گراؤنڈ پر 1948 میں 23 سے 25 اپریل تک ہونے والے پہلے نیشنل گیمز میں سرپرست اعلیٰ اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے بطور مہمان خصوصی شرکت کرتے ہوئے ونگ ٹرافی کے اخراجات اپنی ذاتی جیب سے ادا کیے تھے، جس کے بعد اس ٹرافی کو قائداعظم کے نام سے منسوب کردیا گیا، 34 ویں نیشنل گیمز کا انعقاد ملک میں کھیلوں کی بقا اور ترقی کیلئے ایک امید کی کرن ہے، سرکاری طور پر 22 سے 30 مئی تک شیڈول ان گیمز میں مقابلوں کا آغاز پہلے ہی ہوگیا تھا، اس بار 32 کھیلوں میں سے 28 کوئٹہ کے مختلف مقامات بشمول ایوب اسٹیڈیم، نواب غوث بخش بزنجو اسٹیڈیم، بیوٹمز، گراؤنڈ، اکبر بگٹی اسٹیڈیم، کوئٹہ گالف کلب اور بوائے اسکاؤٹ پر کھیلے جارہے ہیں جبکہ ملک کے 4 مختلف مقامات میں روئنگ اسلام آباد، سیلنگ کراچی، شوٹنگ جہلم کینٹ اور پیراکی کیلئے لاہور کا انتخاب ہوا، نیشنل گیمز میں کنوئے، کایا کنگ (کشتی رانی)، فٹسال، تھرو بال اور ویمن کرکٹ کو نمائشی کھیل کی حیثیت سے شامل کیا گیا، اس مرتبہ باکسنگ میں خواتین کے مقابلے بھی شامل کیے گئے، کوئٹہ میں پہلی بار نیشنل گیمز کا انعقاد 1986 میں ہوا تھا جس کے بعد 1994 اور پھر 2004 کو اس شہر کو میزبانی کا شرف ملا، اب چوتھی مرتبہ 2030 میں کوئٹہ دوبارہ میزبانی کے فرائض انجام دے رہا ہے، 34 ویں نیشنل گیمز کا حالات کی روشنی میں بہتر انداز میں ہونا قابل تحسین ہے، فل پروف سیکورٹی انتظامات میں ملک بھر سے آنے والے کھلاڑیوں، آفیشلز اور دیگر مہمانوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے، اس ضمن میں سیکیورٹی اداروں اور مقامی انتظامیہ کی کاوشیں قابل ستائش ہے، کوتاہیاں اور خامیاں انسانی زندگی کا خاصہ ہیں، تاہم مثبت انداز میں سوچا جائے تو غلطیوں کے مقابلے میں نیشنل گیمز میں خوبیاں نمایاں ہیں، افتتاحی تقریب میں بد انتظامی دیکھنے میں آئی، قومی ترانے کا اہتمام نہ کرنا کئی سوالات کو جنم لے گیا، آزادی کے نام پر کبوتر تو اڑائے گئے لیکن رنگ برنگے غبارے فضا میں نہ چھوڑے جاسکے، سیکیورٹی کے نام پر عام افراد اور شرکاء کو تنگ نہ کیا جاتا تو زیادہ بہتر رہتا، دوسری جانب عینی شاہدین کے مطابق وی آئی پی کلچر کے عاشق مزے لوٹنے میں معروف ہیں، اچھی بات یہ ہے کہ گیمز کے انعقاد سے مقامی کھیلوں کے میدانوں کا انفراسٹرکچر بہت بہتر ہوگیا ہے، یہ پاکستان کی ساؤتھ ایشین گیمز کی میزبانی کیلئے اچھی نوید ہے، گیمز میں کھیلوں کے مقابلوں کا معیار قابل تعریف قرار نہیں دیا جاسکتا، 2019 میں پشاور میں ہونے والے گیمز میں 11 قومی ریکارڈ قائم ہوئے تھے، اس مرتبہ یہ رفتار بہت سست نظر آرہی ہے، نیشنل گیمز کا دو مراحل میں انعقاد ہو رہا ہے، پہلے مرحلے میں 14 گیمز کے فیصلے ہوئے، کھیلوں کی سیاست نیشنل گیمز میں بھی نظر آرہی ہے، ایتھلیٹکس مقابلے التوا کا شکار رہے اور باوجود تاخیر سے شروع ہوئے، کھلاڑیوں میں بھی نظم وضبط کا فقدان نظر آرہا ہے، رسہ کشی کے مقابلے کے دوران دو ٹیموں کے درمیان ہونے والی لڑائی اور دنگا فساد سے منفی تاثر پیدا ہوا، ووشو اور جوڈو کے مقابلوں کے دوران بھی کھلاڑیوں اور مینجمنٹ کے ذمہ داران کا رویہ بھی قابل افسوس رہا، اس ضمن میں ڈسپلنری کمیٹی کو ہر مفاد سے بالاتر ہوکر شفاف انداز میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، دراصل پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن اور پاکستان اسپورٹس بورڈ کی روایتی چپقلش ملک میں کھلاڑیوں اور کھیلوں کو بہت نقصان پہنچا رہی ہے، دونوں اسٹیک ہولڈرز کے اختلافات کا خمیازہ ملک میں کھیلوں کی تباہی کی شکل میں سامنے آرہا ہے، نیشنل گیمز میں اب تک دفاعی چیمپئن پاکستان آرمی کے ساتھ اس کی روایتی حریف پاکستان واپڈا، نیوی پی اے ایف، ایچ ای سی اور ریلویز نے متوقع کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے لیکن صوبوں خاص طور پر پہلے نیشنل گیمز کے فاتح پنجاب کی ناقص کارکردگی سے بہت مایوس کن ہے، اس ضمن میں صوبائی اولمپک ایسوسی ایشنز اپنا کردار نبھانے میں بری طرح سے ناکام رہی ہیں، نیشنل گیمز کے انتخاب سے دو روز قبل تک ٹیموں کے کھلاڑیوں کا حتمی انتخاب ہی نہیں ہو سکا تھا تو ان کی تربیت اور مشقیں کیسے ہوتیں، سندھ میں فٹبال کو ایک نمایاں حیثیت حاصل ہے لیکن بدقسمتی سے محض گیمز کے آغاز سے قبل سندھ فٹبال ٹیم کو گیمز کا حصہ بنایا گیا، بظاہر ایسا لگتا ہے کہ 26 مرتبہ کی چیمپئن پاکستان آرمی مسلسل 20 ویں مرتبہ نیشنل گیمز جیت کر قائد اعظم ٹرافی اپنے پاس رکھنے میں کامیاب ہوجائے گی، تاہم ارباب اختیار کو سوچنا ہوگا کہ کروڑوں روپے خرچ کرنے کے بعد معیاری مقابلوں کا اہتمام کیا جائے تاکہ ہمارے کھلاڑی بین الاقوامی سطح پر فتوحات کے جھنڈے گاڑ کر اپنے ملک و قوم کا نام روشن کرسکیں۔ ●













# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 2 8 MAY 2023 Page No: ________



گورنر بلوچستان سے سینٹرل چیئرمین آل پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن عاصم رضا ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ کا آل پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے ساتھ گروپ فوٹو



کوئٹہ، گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ سے ڈپٹی کمشنر جہانزیب شیخ ملاقات کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

DATE: 28 MAY 2023

Bullet No.________ Page No: ________



**QUETTA**: Governor Balochistan Abdul Wali Kakr in a group photo with All Pakistan Flour Mills Association office bearers on Saturday.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.__________ DATE: 28 MAY 2023 Page No:__________



ژوب: وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو ضلعی افسران سے خطاب کر رہے ہیں